© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو پہچانیے**، مؤلف: انجینیر محمد امان اللہ سدید۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: ۲۱۸۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

مؤلف نے اس کتاب کی تالیف کا مقصد یوں تحریر کیا ہے کہ: ''شاید یہ اپنے قارئین کو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی صحیح شناخت دے سکے اور ہماری بود و باش اور طرزِ زندگی اس حقیقت کی گواہ بن جائے کہ ہم اللہ مالک الملک کو وہ مقام دینے والے ہیں جو اس کا حق ہے''۔ لہٰذا اس کتاب میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ۹۹ /اسماے حسنیٰ، یعنی وہ تمام الفاظ جو اللہ رب العزت کی صفات اور خصوصیات کو بیان کرتے ہیں اور جن کا ترجمہ اُردو زبان میں 'سب سے اچھے' یا 'بہترین ناموں' سے کیا جاتا ہے، ان کو بیان کیا گیا ہے۔ عام طور پر چیزوں کی ہر صفت اپنے اندر اچھی اور بُری دونوں کی خصوصیات رکھتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے اسماے حسنیٰ کو سب سے اچھا اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ تمام اسما اپنے اندر ذرا بھی بُری خصوصیات نہیں رکھتے۔ ساری صفات صرف اچھی ہی اچھی اور بہترین ہیں۔ پھر ان ساری کی ساری صفات کے لیے کوئی حدود و قیود نہیں۔ ان اسما کا مقصد یہ ہے کہ انھیں سمجھ کر یاد رکھا جائے، ذہن میں ہر وقت تازہ رکھا جائے تاکہ شیطان کے پیدا کردہ وساوس اور بہکاوے میں آکر اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کی طرف رُخ کرنے سے بھی بچا رہے۔ یہ اسما دعا بھی ہیں، لہٰذا ان کا ورد کرتے وقت ان کی گنتی پوری کرنے کے بجاے ان کے مفہوم کو ذہن میں تازہ رکھا جائے۔

کتاب میں ہر نام کا مفہوم قرآن اور حدیثِ مبارکہ کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ قرآن میں یہ نام کہاں کہاں اور کتنی بار آیا ہے اور کس کس لفظ کے ساتھ یا اکیلا آیا ہے، مثلاً اَللّٰہُ ۹۸۰ بار، اللہَ ۵۹۲ بار، اللّٰہِ ۱۱۲۵ بار، اور اَللّٰھُمَّ ۵ بار، اس طرح کُل تعداد ۲۶۰۲ ہوئی۔

کتاب بڑی محنت اور توجہ سے سلیس اُردو میں تالیف کی گئی ہے اور قرآن اور حدیث کے



© rasailojaraid.com